# 8TH CLASS
# LESSON BASED ASSESSMENT
# UNIT TEST QUESTION PAPERS
# UNIT 1 to 6 (PART -1)
# WITH KEY ANSWERS
# URDU MEDIUM
# 2025-26

PREPARED BY

TEM URDU SCIENCE GROUP

BIJAPUR

# کوئلہ اور پیٹرولیم-یونٹ ٹیسٹ

مضمون:-سائنس — مارکس-20

جماعت:-ہشتم — وقت:-45منٹ

I. درج زیل سوالات کے چار متبادلات جوابات دیے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کرو۔ 3X1=3

1. دی گئی اشیاء میں کون سی شئے قدرتی وسائل کی مثال نہیں ہے۔

a) ہوا b) پانی c) مٹی d) پلاسٹک

2. کوئلہ کو جلانے پر خارج ہونے والی گیس۔

a) کاربن ڈائی آکسائیڈ b) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ c) کلورین d) آکسیجن

3. کیڑوں کو بھگانے والی شے جسے کولتار سے حاصل کیا جاتا ہے

a) پیرافین b) نیفتھلین c) بٹومن d) بنزین

II. مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھو۔ 3X1=3

4. رکازی ایندھن کسے کہتے ہیں؟

5. LPG کی توسیع کرو۔

6. تھرمل پاور پلانٹ میں استعمال ہونے والے رکازی ایندھن کا نام بتاؤ۔

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھو۔ 2X2=4

7. ختم ہونے والے، اور نہ ختم ہونے والے قدرتی وسائل کے درمیان فرق لکھو۔

8. کوئلے کے کوئی دو استعمالات لکھو۔(یا)

پیٹروکیمیکلز کسے کہتے ہیں کوئی دو مثالیں لکھو۔

IV مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھو۔ 2X3=6

9. کوئلہ بننے کے عمل کی وضاحت کرو۔(یا)

کول گیس کیسے تیار ہوتی ہے؟ اس کے دو استعمالات لکھو۔

10. درج ذیل اشیاء کو قدرتی اور انسان ساختہ چیزوں میں درجہ بندی کرو۔


پانی، شیشہ، کپاس، نائلان، گرافائیٹ، پولیسٹر

V. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھو۔ 4X1=4

11. پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے ذخائر کو دکھانے والا خاکہ بناو۔

جوابات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | d) پلاسٹک | 1 |
| 1 | a)کاربن ڈائی آکسائیڈ | 2 |
| 1 | b) نیفتھلین | 3 |
| 1 | کوئلہ پیٹرول اور قدرتی گیس کو رکازی ایندھن کہتے ہیں۔ جنکی تشکیل فوسل کے ذریعہ ہوتی ہے۔ | 4 |
| 1 | Liquefied Petroleum Gas | 5 |
| 1 | کوئلہ | 6 |
| 2 | **ختم نہ ہونے والے قدرتی وسائل**<br>• یہ وسائل قدرتی ماحول میں لامحدود مقدار میں موجود ہیں ۔<br>• یہ انسانی سرگرمیوں کے ذریعے ختم ہونے والے نہیں ہیں ۔<br>• مثال سورج کی روشنی ،ہوا،اور پانی<br><br>**ختم ہونے والے قدرتی وسائل**<br>• قدرتی ماحول میں یہ وسائل محدود مقدار میں پائے جاتے ہیں۔<br>• یہ انسانی سرگرمیوں کے ذریعے ختم ہو جاتے ہیں۔<br>• مثال جنگلات جنگلی جانور معدنیات کوئلہ پٹرولیم قدرتی گیس وغیرہ۔ | 7 |
| 2 | • کھانا بنانے کے لیے ایندھن کے طور پر اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔<br>• ریل گاڑیوں کے انجن چلانے کے لیے بھاپ بنانے میں،اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔<br>• مختلف صنعتوں میں ایندھن کے طور پر اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ | 8 |
| | پیٹرولیم اور قدرتی گیس سے کئی مفید حاصل کیے جاتے ہیں یہ پیٹروکیمیکلز کہلاتے ہیں<br><u>پیٹروکیمیکل کے استعمالات</u><br>• ان کا استعمال ڈیٹرجنٹ ،ریشے ،پالیتھین اور دیگر انسان ساختہ پلاسٹک بنانے میں کیا جاتا ہے۔<br>• قدرتی گیس سے حاصل ہونے والے ہائیڈروجن گیس کا استعمال یوریا فرٹیلائزر بنانے میں کیا جاتا ہے۔ | یا |
| 3 | ▪ تقریبا تین سوملین سال پہلے زمین پر نشیبی علاقے جنگلات سے بھرے تھے۔<br>▪ سیلاب جیسے قدرتی عملوں کی وجہ سے یہ مٹی کے نیچے دفن ہوگئے۔<br>▪ ان کے اوپر اور زیادہ مٹی جمع ہو جانے کی وجہ سے یہ کمپریسڈ ہو گئے۔<br>▪ جیسے جیسے یہ نیچے کی طرف دھنستے گئے ان کا درجہ حرارت بڑھتا گیا ۔<br>▪ بہت زیادہ درجہ حرارت اور دباؤ پر زمین کے اندر مردہ پیڑ پودے رفتہ رفتہ کوئلے میں تبدیل ہو گئے۔<br>▪ سست عمل کے ذریعے مردہ نباتات کی کوئلے میں تبدیلی،کاربنائزیشن کہلاتی ہے۔ | 9 |
| | کوک بنانے کے لیے کوئلے کی پروسیسنگ کے دوران کول گیس حاصل ہوتی ہے۔ | یا |

| | | |
|---|---|---|
| | **<u>کول گیس کے استعمالات</u>**<br>اس گیس کا استعمال کوئلے کی پروسیسنگ پلانٹ کے نزدیک، واقعہ صنعتوں میں ایندھن کے طور پر کیا جاتا ہے۔ | |
| 3 | قدرتی اشیاء:-پانی، کپاس، گرافائٹ<br>انسان ساختہ اشیاء:-شیشہ، نائلون، پولیسٹر | 10 |
| 4 |  | 11 |